ہشت سالہ رپورٹ

آل انڈیا بھٹناگر اپکار فنڈ

پاس کردہ

کمیٹی کارکن کایستھ صدر سبھا ہند

زیر صدارت

عالی جناب معلی القاب فخر قوم و محسن برادری جناب بابو برج بھوشن لال صاحب بی اے

ڈپٹی پوسٹ ماسٹر جنرل پٹنہ (بہار) و پریسیڈنٹ کایستھ بھٹناگر صدر سبھا ہند اور

اجلاس پنجم آل انڈیا بھٹناگر کانفرنس لکھنؤ

منعقدہ ۲۵ لغایتہ ۲۷ دسمبر ۱۹۳۱ء

مرتبہ

جگموہن لال ڈسنیہ وائس پریسیڈنٹ کایستھ سبھا میرٹھ و فنانشل سکریٹری آل انڈیا بھٹناگر اپکار فنڈ میرٹھ

اغراض و مقاصد آل انڈیا بھٹناگر ایکارک فنڈ

(۱) مستحق طلبہ قوم کی تعلیم و تربیت کا انتظام۔
(۲) مستحق بیوگان و درماندگان قوم کی امداد۔
(۳) ممالک غیر میں حصول علم و ہنر کیلئے عطار وظائف یا یکمشت زرِ نقد کی امداد (الشرط واپسی امداد)
(۴) معمولی استعداد و قابلیت کے لڑکوں کو صنعت و حرفت کے کاموں کے سیکھنے کا شوق دلانا اور اُن کی تکمیل تعلیم میں سہولت بہم پہنچانا اور امداد دینا۔
(۵) ترویجِ پیشۂ تجارت۔

رسالہ بھٹناگر سماچار سنبھل (مراد آباد)

زیر ادارت

بابو جے پرکاش صاحب بی اے ایل ایل بی وکیل و میونسپل کمشنر سنبھل

نہ صرف بھٹناگر فرقہ کا بلکہ کل کالستھ برادری و بھٹناگر صدر سبھا ہند کا واحد ماہوار آفیشل رسالہ قوم کا بہترین ترجمان ۔ ممبران بھٹناگر صدر سبھا ہند کو مفت ۔ دیگر صاحبان سے صرف ایک روپیہ چندہ سالانہ سماچار کی خریداری آپ کا فرض اوّل ہے ۔ اعزا و اقارب کو خریدار بنانا آپ کا فرضِ منصبی ہے ۔

جملہ خط و کتابت و ترسیل زر کا پتا

ایڈیٹر بھٹناگر سماچار — سنبھل ضلع مراد آباد

تمہید

یدپی جگ وارُن ادُکھ نانا

سب سے کٹھن جات اپمانا

(اس دارالمحن میں اگرچہ طرح طرح کی صدہا تکالیف ہیں لیکن وقار کا کھو جانا سب سے زیادہ دُکھ دائی ہے۔)

جبکہ عام دُنیا جہالت و تاریکی میں ترقی و اخلاق کی پہلی سیڑھیوں کو ٹٹول رہی تھی۔ تہذیب و تمدّن کی جھلک گھرے بادلوں میں چھپی ہوئی تھی انسان نے انسان بننا شروع ہی کیا تھا اُس زمانے میں بھارت ورش بنی نوع انسان کو اُن فلسفیانہ حقیقتوں سے دو چار کر رہا تھا جس کی صداقت جیسی کہ ماضی میں آشکار تھی آج بھی آشکار ہے۔ اور کل بھی ایسی ہی آشکار ہوگی۔ اُسی زمانہ ماضی کے حالات بیان کرتے ہوئے گوسائیں تلسی داس جی جیسا کہ چوپائی مندرجہ صدر سے واضح ہوگا ارشاد فرماتے ہیں کہ دُنیا کی سب کلفتیں ایک طرف اور وقار کا جاتا رہنا ایک طرف۔

خودداری اور وقار حقیقتاً وہ انسانی شریفانہ جذبات ہیں جن کو ٹھیس لگنا کوئی غیور گوارا نہیں کر سکتا۔ بہادر قوموں نے اس دیوی پر اپنی جانوں کی قربانی کرنا فخر سمجھا اور اس زرّیں اصول کو دُنیا میں قائم رکھنے کیلئے اپنے پاک خون سے سینچا۔۔۔ یہ واقعہ ہے کہ جب تک انسان اس جذبہ

کا وارث اور محافظ ہے وہ انسان کہلانے کا مستحق ہے۔ اس کے کھو دینے کے بعد نہ انسان انسان ہے اور نہ اُس کو دُنیا میں رہنے کا حق۔

جب تک چھتریوں میں یہ صفت باقی رہی اُس وقت تک دُنیا کے دلیر اُن کا لوہا لانتے رہے۔ فرقہ بھٹنا گر بھی جو اُسی کُل کا جزو ہے اس قدرتی فلسفہ سے مستثنیٰ نہیں ہو سکتا تھا۔ جب تک اس فرقہ میں یہ احساس باقی رہا ویر چو پیچ پال جیسے قول کے دھنی جن کی ہر ایک بات ایک عملی جامہ کی تصویر تھی اس فرقہ میں پیدا ہوتے رہے۔ یہ فرقہ بھی شاہراہِ عروج پر گامزن رہا۔ زمانے نے ان گزر جانے والوں کے کارناموں کی جو داد دی ہے اُس کے حالات معتبر وقائع نگاروں نے قلمبند کئے ہیں اگرچہ بیشتر حصہ قصہ کہانیوں کے پردہ میں پنہاں رہ گیا۔ آہ ؎

سب کہاں کچھ لالہ و گُل میں نمایاں ہو گئیں
خاک میں کیا صورتیں ہوں گی کہ پنہاں ہو گئیں

بہر حال زمانہ کروٹیں بدلتا رہتا ہے اور ہر کروٹ نرالا انداز لئے ہوتی ہے۔ مد و جزر سے کوئی بھی قوم کیوں نہ ہو کوئی بھی فرد کیوں نہ ہو۔ بچ نہیں سکتا زوال آیا اور ہم نے آزمودہ کار بزرگوں کا راستہ چھوڑ دیا۔ نتیجہ یہ نکلا کہ زمانے نے ہم کو چھوڑ دیا۔ ہم حاکم سے محکوم بنے۔ مالک سے مملوک بنے۔ اور کیا کیا نہ بنے۔ دورانِ زمانہ نے شیرازہ درہم برہم کر دیا۔ غرض ایسے گمنام ہوئے کہ سنہ ۹۰۰ء سے

؎ ملاحظہ ہو ضمیمہ نمبر ۱

عہد سلاطین افغان دسویں ہی تک ہمارے حالات پس پردہ باقی رہ گئے۔ البتہ کچھ قبل از سال ۱۵۲۶ء تاریخ نے اپنا ورق بدلا اور رائے گھنشور دیوان و اتالیق زمانہ طفولیت شہنشاہ جہانگیر اور راجہ دھیان سنگھ بادریہ جیسے بزرگ پیدا ہونے شروع ہوئے اور پھر اس فرقہ کے بیڑہ کو غرقابی سے بچانے کی کوششیں شروع ہوئیں۔ اُن کی شان و شوکت۔ نظام برادری۔ تربیت اُخوت کو اگر دیکھنا ہو تو کرم خوردہ اوراق میں تلاش کر لیجئے۔ بہر حال یہ حالت تین سو سال سے زیادہ قائم نہ رہ سکی اور زمانہ نے کچھ ایسا رنگ بدلا کہ آئندہ نسلوں کو بزرگوں کے قدم پر چلنا دشوار ہی نہیں بلکہ ناممکن ہو گیا۔ ضرورت محسوس ہونے لگی کہ نظام مرتبہ رائے گھنشور میں ضروری ترمیم کی جائے تاکہ یہ پاشکستہ برادری ضروریات زمانہ کو مدنظر رکھتے ہوئے اُس ترتیب کی پابندی کر سکی۔ چنانچہ "مردے از غیب بروں آمد و کارے بکند" کے مصداق جناب رائے زادہ بشمبر سہائے صاحب ڈسنیہ سکریٹری بھٹناگر صدر سبھا ہند نے اس کام کو ہاتھ میں لیا جس کیلئے معترضین کی تعداد تو کثیر تھی۔ شکریہ ادا کرنے والا ایک بھی نہ تھا۔ آپ نے ۱۸۸۸ء لغایت ۱۸۹۳ء پانچ سال تک سرگرمی سے کوشش فرماکر بمشورہ اصحاب برادری اس نظام میں ضروری ترمیمات کیں۔ آپ کے اشارہ پر دسمبر ۱۹۲۳ء میں بمقام میرٹھ دیوناگری ہائی اسکول کے نوتعمیر شدہ شاندار ہال میں بھٹناگر برادری کا ایک جلسہ منعقد ہوا لیکن حاضرین کی

تعداد بلحاظ اہمیت تجاویز پیش شدہ کم تھی لہذا بابو لال جی پرشاد صاحب جیسے پروانۂ شمع قوم کی تحریک پر یہ قرار پایا کہ تعطیلات ایسٹر ۱۹۲۳ء میں یہ اجلاس بمقام دہلی منعقد کیا جائے۔ چنانچہ اس تجویز نے بتاریخ ۲ر اپریل ۱۹۲۳ء دار السلطنت میں بمقام دریا گنج عملی جامہ پہنا اور اسی جلسہ میں بذریعہ ریزولیوشن نمبر ۳ حسب تحریک عالی جناب بابو گلشن رائے صاحب بی اے ایل ایل بی وکیل و حال وائس پریسیڈنٹ بھٹناگر صدر سبھا ہند (وائس پرنسپل سناتن دھرم کالج لاہور) ایک بھٹناگر نیشنل فنڈ قائم کئے جانے کی تجویز منظور ہو کر اُس کا نظام ترتیب کرنے کیلئے حسب ذیل کمیٹی بنائی گئی۔

(۱) عالی جناب رائے بہادر منشی ہر سروپ صاحب رئیس جلال آباد ضلع میرٹھ حال ڈیرہ دون
(۲) " بابو جوالا سروپ صاحب بی اے ایل ایل بی وکیل رہتک۔
(۳) " رائے صاحب لالہ شب سہائے صاحب پنشنر رئیس رہتک حال انبالہ
(۴) " پروفیسر نند لال صاحب ایم اے رئیس ضلع میرٹھ

کمیٹی نے جس سعیٔ بلیغ کے ساتھ قواعد مرتب کئے اُس کی داد اس سے زیادہ کیا ہو سکتی تھی کہ اجلاس دوم بھٹناگر کانفرنس سکندر آباد نے دسمبر ۱۹۲۳ء اصولاً سب ہی منظور کر لئے ـــ اسی اجلاس میں بتاریخ ۲۹ ر دسمبر ۱۹۲۳ء مایۂ نازِ برادری جناب بابو راج نراین صاحب سُپرنٹنڈنگ انجینیر نہر شاردا لکھنؤ نے اس نیشنل فنڈ کی قائمی کا اعلان فرما کر ایک مزید مُہر اُس کی بقائے دوام کی

لگادی۔ تاریخ مندرجہ صدر سے اسی نشنیل فنڈ کو "آل انڈیا بھٹناگر اُپکارک فنڈ" کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے۔ اسی فنڈ کے مختصر حالات برائے تفنّن طبع حاضرین گوش گزار کرتا ہوں۔

قواعد وضوابط۔ اس فنڈ کے اغراض ومقاصد قواعد ضوابط رپورٹ بھٹناگر کانفرنس ۱۹۲۳ء میں شائع ہو چکی ہیں جن میں ضرورتاً بہ موقع اجلاس چہارم لکھنؤ کانفرنس ۱۹۲۶ء میں چند ضروری ترمیم کرنی پڑیں۔ *

(الف) واقعی آمدنی بھٹناگر صدر سبھا ہند کا ۲۰ فیصدی امداد اُپکارک فنڈ میں صرف ہو

(ب) جو اصحاب برادری مبلغ پانصد روپیہ یکمشت یا ساڑھے سات سو روپیہ بہ اوقات مختلف اُپکارک فنڈ کو مرحمت فرمائیں وہ فنڈ کے مربی متصوّر ہونگے۔

چنانچہ ایزادی اوّل الذکر کے نفاذ کے بعد رسمی آمدنی بھٹناگر صدر سبھا ہند ہنوز لقا یا ہے اور ترمیم موخر الذکر کے نفاذ سے اصحاب ذیل مربی اُپکارک فنڈ قرار پاتے ہیں۔

(۱) عالی جناب منشی مُکند سروپ صاحب رئیس سکندر آباد
(۲) " رائے بہادر منشی سمپت رائے صاحب رئیس جلال آباد ضلع میرٹھ حال منشیر جوڈیشل منسٹر سنگرور۔

اس کے علاوہ ایک رقم گمنام مبلغ ایک ہزار روپیہ وصول ہوئی ہے،

---

* لیکن ازان بعد فنڈ ہذا کو مزید تقویت دینے کیلئے بموقعہ سالانہ جلسہ بھٹناگر صدر سبھا ہند دہلی منعقدہ اگست ۱۹۳۰ء مندرجہ ذیل مزید ایزادیاں کی گئیں۔

ایک رقم تعدادی پنجصد روپیہ اُدکار ک کلب دہلی و شملہ سے وصول ہوئی ہو اُن کی عطائیگی مشترکہ ہونے کی وجہ سے کسی خاص صاحب کا نام درج فہرست مربیان کئے جانے کی جرأت نہوئی۔

گو موجودہ قواعد و ضوابط کی موجودگی میں پانچ سال سے فنڈ کا کام بخوش اسلوبی چل رہا ہی اور روز افزوں ترقی ہوتی جا رہی ہی۔ تاہم فنڈ ہذا کے قیام دوام کیلئے موجودہ ضابطہ پر مکرر نظر ثانی کی ضرورت ہی۔

کارکنان اُدکارک فنڈ فہرست عہدہ داران و ممبران سب کمیٹی اُدکارک فنڈ بطور ضمیمہ نمبر ۲ رپورٹ ہذا شامل کردی گئی ہی۔ اس کے ملاحظہ سے واضح ہوگا کہ بابو بلجیت سنگھ صاحب بی۔اے رئیس بریلی تاریخ قائمی فنڈ سے اس وقت تک بہ استثناء مدت ایک سال جس میں آپنے جنرل سکریٹری مہاسبھا کے عہدہ گر صدر سبھا ہند کے اہم فرائض انجام دئے آٹھ سال سے برابر مختلف صورتوں میں اُدکارک فنڈ کے ممد رہے ہیں۔ اسی طرح بابو بدری پرشاد صاحب رئیس گوند پھول میرٹھ شہر اور بابو موہنی سروپ رئیس سکندر آباد بجز اُس مدت کے جس میں ممد وحان دوسرے معزز عہدوں پر ممتاز رہے برابر خدمات فنڈ میں نمایاں حصہ لیتے رہے آپ صاحبان کی ذاتی دلچسپی گراں بہا امداد حسن انتظام و نگرانی کا یہ نتیجہ ہے کہ اُدکارک فنڈ اس قلیل عرصہ میں زائد از چھ ہزار روپیہ کے قیمتی وظائف و امداد بیوگان پر صرف کر سکا۔

سرمایہ ؎ قسمت کیا ہر ایک کو قسّام ازل نے
جو شخص کہ جس چیز کے قابل نظر آیا

چشم بد دور دُنیا کے فنڈوں سے نرالا ہسٹری آف ٹرسٹ کو دیکھئے اس کی مثال نہیں ملے گی۔ بھٹناگر برادری کی جبلّی فیاّضی اور برادرانہ ہمدردی اس فنڈ کا سرمایہ اور اُسکی قیام دوام کے کفیل اور ضامن ہیں۔ چنانچہ وقت قایمی فنڈ دم زدن میں حاضرین وشرکار سکندرآباد کانفرنس نے بیس ہزار روپیہ کی امداد کا اطمینان کردیا تھا۔ اور آج تک کام بہ خوش اُسلوبی چل رہا ہی۔

لیکن جس جوش اور اولوالعزمی سے اسکا خیر مقدم ہوا وہ اس امر کی پیشین گوئی کرتا تھا کہ بہت جلد اس کے سرمایہ میں ایک لاکھ روپیہ کا مزید اضافہ ہوگا لیکن افسوس کہ بہی خواہانِ برادری کا یہ دامن تمنّا گلِ مراد سے ایسا نہ بھرا جیسی کہ توقع کیگئی تھی۔ یہی نہیں بلکہ مجھے اندیشہ ہی کہ اگر آئندہ بھی فنڈ کی ضرورتوں اور حاجتوں کی اپیل بھٹناگر برادری کے ہر گھر تک نہ پہنچائی گئی تو ایزادی سرمایہ کہیں سراب ثابت نہو اور ناامیدی میں "اے بسا آرزو کہ خاک شدہ" کا وظیفہ پڑھنا پڑے۔

جلسہ کمیٹی اُپکارک فنڈ۔ سنین زیر رپورٹ میں مقامات مندرجہ ذیل پر اُپکارک فنڈ سب کمیٹی کے ۱۳ جلسہ منعقد ہوئے۔

آگرہ	سکندرآباد	دہلی	خورجہ	میرٹھ	بریلی	لکھنؤ	التوار
۲	۲	۲		۲	۱	۱	۱

تفصیل اجلاس ہائے۔ جس میں اسم گرامی شرکائے جلسہ درج ہیں۔ رپورٹ ہذا
میں بطور ضمیمہ نمبر ۳ شامل کر دی گئی ہے جس کے ملاحظہ سے معلوم ہوگا کہ
چار جلسہ نمبر ۲ لغایت نمبر ۵ بوجہ کمی کورم معرض التوا میں رہے ایک جلسہ
نمبر ۱۳ بعدم ضرورت بذریعہ منسوخی نوٹس جلسہ قبل از انعقاد ملتوی کیا گیا۔ بقیہ
آٹھ جلسہ کامیاب رہے اکثر جلسوں میں علاوہ ممبران سب کمیٹی دیگر معزز ممبران صدر
سبھا ہند و متقندر اصحاب برادری نے شرکت فرما کر اپنی رائے زریں سے راہ بری کی
اس موقع پر راقم الحروف کو فخر ہے اس امر کے اظہار کرنے کی اجازت دیجئے کہ گزشتہ
سے پیوستہ دو سال میں اس فنڈ کا کوئی ایسا جلسہ ہوا جس میں واجب التعظیم
جناب پریسیڈنٹ صاحبان بھٹناگر صدر سبھا ہند نے شرکت نہ فرمائی ہو اور اپنے
مفید مشوروں سے سب کمیٹی کو منتفع نہ کیا ہو۔ اگر کاش معزز چیرمین صاحب
موجودہ اجلاس کا تبادلہ دوسرے صوبہ کو نہ ہو گیا ہوتا تو گزشتہ سال میں بھی
ممکن نہ تھا کہ آپ شرکت نہ فرماتے۔ اس سلسلہ میں مجھے عہدہ داران و ممبران
کمیٹی کے ایثار کا ذکر کرنا بھی لازمی ہے۔ حضرات ممدوح نے اپنی اخراجات کثیرہ
سفر خرچ میں ایک حبہ بھی فنڈ سے نہیں لیا اور کل اخراجات اپنی جیب خاص سے
برداشت فرمائے۔

سال حسابی فنڈ موجودہ قواعد و ضوابط فنڈ میں کوئی تاریخ سالانہ حساب
بند کئے جانے یا نئے سال کا حساب کھولنے کیلئے مقرر نہیں ہے اس وجہ سے

کچھ عرصہ تک تفصیل وار سالانہ حساب فنڈ ترتیب نہیں دیا گیا۔ رپورٹ ہائے سابقہ موجودہ دفتر اُلیکارک فنڈ کے مطالعہ سے پایا جاتا ہے کہ سب سے پہلے اس فنڈ کی روحِ رواں بابو بلجیت سنگھ صاحب بی اے فنانشل سکریٹری فنڈ ہذا نے بموقعہ اجلاس سوم بھٹناگر کانفرنس لاہور اس کی حالت زار کا سہ سالہ مرقع پیش کیا اس کے بعد فنڈ کے نفس ناطقہ بابو موہنی سروپ صاحب فنانشل سکریٹری نے علی التواتر بابتہ سال مختتمہ ۳۱ دسمبر ۱۹۲۷ء و ۳۱ جولائی ۱۹۲۹ء بہ موقعہ سالانہ جلسہ بھٹناگر صدر سبھا ہند حساب آمدنی و خرچ پیش کرتے ہوئے فصیح و بلیغ رپورٹیں ہدیہ ناظرین کیں لیکن اس طریقہ سے حساب رکھنے میں بہت بڑی یہ دقت محسوس ہوئی کہ عام برادری تک اس فنڈ کے سالانہ حساب اور رپورٹیں کبھی نہ پہونچ سکیں چنانچہ اس کمی کو پورا کرنے کیلئے اب دو سال سے یہ طریقہ اختیار کیا گیا کہ ہر سال ۳۰ جون تک حساب بنا کر شایع کر دیا جاتا ہے حاضرین کی اطلاع کیلئے اب مکرر ۳۰ نومبر ۱۹۳۱ء تک حساب بنا کر پیش کیا جاتا ہے۔

حسابات

گوشوارہ آمدنی و خرچ فہرست وصول واقعی منسلکہ رپورٹ ہذا کے دیکھنے سے ظاہر ہوگا کہ ابھی اُلیکارک فنڈ کی ضروریات عام برادری پر ظاہر نہیں ہوئیں۔ صرف معدودے چند اصحاب نے جنکی تعداد آٹھ سو گھر الٹو تک محدود ہے ہماری ضروریات سے

متاثر ہوکر امداد فرما چکی ہیں باقی تمام برادری تک ہماری آواز نہیں پہونچی اس وصول تحصیل میں سکندر آباد اور میرٹھ دہلی لکھنؤ بریلی سنگرور سے جو امداد ملی وہ حوصلہ افزا ہے درحقیقت اس تحریک کا شہرہ ابھی صوبہ آگرہ سے باہر نہیں پہونچا ہے ملاحظہ ہو۔ متعدد نقشہ آمدنی مشمولہ رپورٹ ہذا

سنین زیر رپورٹ میں جملہ مدات سے مبلغ ۴۸/۹/۴۸ وصول ہوا جس میں سے مبلغ [illegible] خرچ ہوئے اور مبلغ ۱۰/۹/۴۸ بقایا رہے جس کی تفصیل حسب ذیل ہے۔ (تفصیل نقشہ آمدنی ضمیمہ نمبر ۱ میں شامل ہے)

الف امانت میعادی ایک سال امپیریل بنک آف انڈیا دہلی لغایتہ ۱۰ جولائی سنہ ۱۹۳۲ء بشرح ۴ سیکڑہ سالانہ [illegible] اور ۳۰ مارچ سنہ ۱۹۳۲ء کو بشرح سود مذکورہ بالا [illegible] اور فلوٹنگ حساب بلا سود مبلغ [illegible] میزان بنک مبلغ [illegible]

ب۔ نقد بدست جناب بابو جے پرکاش رائے صاحب جنرل سیکریٹری صدر سبھا ہند [illegible] اور نقد بدست فنانشل سیکریٹری اُپکارک فنڈ [illegible] کل [illegible]

میزان کل مبلغ ۱۰/۹/۴۸

زر بقایا بتفصیل ذیل موجود ہے۔

یافتنی بھڈانا گر سبھا میرٹھ منجملہ عطیہ بابو رام رائے صاحب ڈپٹی کلکٹر میرٹھ [illegible]

یافتنی بھڈانا گر صدر سبھا ہند ---------------- [illegible]

مستقل فنڈ اپکارک فنڈ سے ماہ ۱۲/۱۰ آمدنی جو فنڈ ہذا کے اخراجات میں خرچ ہوسکتی ہے الصہ ۱۲/ میزان [illegible]

بموجب قاعدہ ۱۵ قواعد و ضوابط اپکارک فنڈ امپیریل بنک آف انڈیا میں اپکارک فنڈ کا حساب مستقل قایمی جلد کھلنا چاہئے تھا لیکن باوجود کافی رسل رسائل وانتہائی کوشش کے جناب ایجنٹ صاحب امپیریل بنک دہلی نے ۲۷ جون ۱۹۲۴ء تک ہماری امانتیں اپنے بنک میں رکھنے کا فیصلہ نہیں کیا۔ بدرجہ مجبوری ماہ مارچ لغایت ۲۷ جون ۱۹۲۴ء فنڈ کی تحویل فنانشل سکریٹری کے پاس رہی اور تاریخ مذکورہ سے آخر دسمبر ۱۹۲۶ء تک آمدنی بنک میں جمع ہوتی رہی لیکن دسمبر ۱۹۲۶ء میں اپکارک فنڈ کا دفتر ایسے مقام (سکندرآباد ضلع بلندشہر) کو منتقل ہوا جہاں امپیریل بنک کی شاخ موجود نہ تھی اس وجہ سے بدرجہ مجبوری ڈھائی برس تک فنانشل سکریٹری نے زیادہ تر تحویل اپنی ذاتی حساب سیونگ بنک سکندرآباد میں رکھکر آمدنی سود حساب فنڈ میں محسوب کی۔ جولائی ۱۹۲۹ء میں اپکارک فنڈ کا دفتر میرٹھ منتقل ہونے پر امپیریل بنک میرٹھ میں حساب کھولنے کے لئے وہ ہی منزلیں طے کرنی پڑیں۔ جن کی ۱۹۲۴ء میں بادیہ پیمائی کیگئی تھی بالآخر ۹ نومبر ۱۹۲۹ء کو امپیریل بنک میرٹھ میں حساب کھلا اب آمدنی اپکارک فنڈ بنک میں رکھی جاتی ہے۔ اپریل ۱۹۳۰ء میں اپکارک فنڈ کا فلوٹنگ اکاؤنٹ مقام دہلی حسب ہدایت ایجنٹ صاحب امپیریل بنک

دہلی بند کرکے میرٹھ میں جاری فرمایا جواب تک جاری ہے۔ البتہ میعادی امانت اُپکارک فنڈ دہلی میں موجود ہے۔ پاس بک ہائے دفتر کے دیکھنے سے یہ بھی پتہ چلتا ہے کہ قائمی فنڈ سے دسمبر ۱۹۲۶ء تک دہلی بنک مذکور میں [illegible]

جنوری ۱۹۲۷ء لغایتہ جولائی ۱۹۲۹ء		"	[illegible]
نومبر ۱۹۲۹ء لغایتہ ۳۰ نومبر ۱۹۳۱ء		میرٹھ میں	[illegible]
"	"	دہلی "	[illegible]
		جملہ	[illegible]

بہ اوقات مختلف امپیریل بنک میں جمع کیا گیا۔ منجملہ [illegible] کے مبلغ [illegible] بنک کے فلوٹنگ حساب سے برابر ہوکر مبلغ [illegible] چلت میں موجود ہے۔ مبلغ [illegible] بشکل میعادی امانت تفصیل مندرجہ صدر امانت سودی میں جمع ہے اور مبلغ [illegible] تقسیم وظائف وغیرہ میں صرف ہوا۔
بقیہ آمدنی فنانشل سکریٹری بلا ادخال بنک اخراجات تقسیم وظائف وغیرہ میں صرف کرتے رہے ہیں جو خواہ کیسی ہی بدرجہ مجبوری ہو محاسبوں کی نظر میں کھٹکتی ہے۔

نوٹ سرٹیفکیٹ موجودات فلوٹنگ اکاؤنٹ اور بقایا مندرجہ صدر میں ار کا فرق اس وجہ سے ہے کہ ایجنٹ امپیریل بنک نے ار ٹکٹ رسید بلا اطلاع دفتر فنڈ ۶ جولائی ۱۹۳۱ء کو خرچہ میں مجرا لیا ہے۔ حالانکہ سرٹیفکیٹ موجودات لغایتہ ۳۰ جون ۱۹۳۱ء کی بقایا بموجب موجودات کیش بک

تصدیق کر چکا ہی اس اختلاف کو رفعہ کرنے کیلئے اڈ ٹکٹ رسید آئندہ ماہ دسمبر سنہ ۱۹۳۱ء میں بتاریخ ۳ دسمبر سنہ ۱۹۳۱ء درج ہوکر اختلاف رفع کر دیا گیا ہی۔

اس موقع پر اپنی مہربان لالہ مکندی لال صاحب گماشتہ جناب راجہ جوتی پرشاد صاحب رئیس جگادھری کا شکریہ ادا کرتا ہوں آپ کی امداد سے کم از کم اسّی مرتبہ مجھکو بنک کی آمدورفت کے خرچہ سے نجات ملی اور جب کبھی مجھے روپیہ کی ضرورت ہوئی بلا خیال اس کے کہ بنک سے روپیہ برآمد ہو برابر اپنے کام کو خوش اسلوبی سے انجام دیتا رہا۔

مستقل سرمایہ ۔ ۳۰ ستمبر ۱۹۲۷ء تک سرمایہ مستقل صمالعہ ۹/ ۱۲ ۳۰ جولائی سنہ ۱۹۲۹ء تک سرمایہ مستقل سماحہ ۹/ ۔ ۳۰ جون سنہ ۱۹۳۰ء تک سمالیہ ۹/ ۸ اور ۳۰ نومبر ۱۹۳۱ء تک سمالہ ۹/ ۴

گزشتہ چار سال میں سرمایہ مستقل میں صرف صمالعہ ۱۲ کی بیشی بہ الفاظ دیگر یہ ظاہر کرتی ہی کہ اس فنڈ کا سرمایہ مستقل میں کوئی بیشی نہیں ہوئی جس کے مضطربانہ اور دلخراش اسباب میری ہم صفیر سابقہ فنانشل سکریٹری صاحبان اپنی فصیح رپورٹوں میں ارقام فرما چکے ہیں اور جس کا زبردست راز رسالہ بھٹناگر سماچار ماہ جولائی و اگست سنہ ۱۹۳۱ء میں افشا ہو چکا ہی۔ میری دو سالہ مدت انجام دہی خدمات میں باوجود کوشش بلیغ کے کوئی معقول رقم قابل ایزادی سرمایہ مستقل میسر نہ آسکی

اس کی بڑی وجہ یہ ہے کہ فیاض اصحاب برادری حاجت مندوں کی فوری امداد زیادہ مستحسن تصور فرماتے ہیں۔ تاہم بہ نظر ازدیادی سرمایہ مستقل دو سال کا سود امانت ہائے میعادی تعدادی مبلغ اماله للعہ ہنوز برآمد نہیں کیا ہے۔ اور زر اصل میں شامل کر کے بغرض حصول سود امپیریل بنک میں جمع کر رکھا ہے۔ لیکن معزز اصحاب برادری لکھنؤ و سیتاپور کے قیمتی وظائف جو سنہ ۱۹۳۰ء میں تقسیم ہوئے معطی صاحبان نے اندر میعاد مختتمہ ۳۰ جون سنہ ۱۹۳۱ء مرحمت نہیں فرمائے جس کی وجہ سے ۳۰ جون سنہ ۱۹۳۱ء تک کی امید افزا آمدنی تعدادی مبلغ اعلمامہ ؎ میں سے صرف اعمامے ؎ سال رواں کے اخراجات کو بچا۔ جس کی وجہ سے مندرجہ صدر رقم مستقل فنڈ کو منتقل نہ ہو سکی۔ اور نہ روز افزوں اخراجات کی ہی کفیل ہو سکی۔

مستقل آمدنی سنین زیر رپورٹ میں سود امانت ہائے کی کل آمدنی الساعہ ؎ ہوئی جس میں سے مبلغ اماله للعہ بدستور موجود ہے صرف عماللعہ خرچ کرنے کی نوبت آئی ہے۔ جس کا اوسط سالانہ صرف ماہر عہ ہوتا ہے جو بہ مشکل ہی ایک لڑکے کی امداد یا دو بیواؤں کے گزارہ کو کافی نہیں۔ در واقع بحالت موجودہ فنڈ کی حالت قطعی ناقابل اطمینان ہے۔ تاہم چند رحیم اور دریا دل اصحاب برادری اپنی اولوالعزمی سے زر کثیر

عطا فرما کر امداد فرما رہے ہیں جو ہر قسم کی امداد میں صرف کیا جا سکتا ہے، سچ تو یوں ہے کہ کارکن کمیٹی صدر سبھا ہند کا شکریہ ادا نہیں ہو سکتا۔

امسال ۵ ستمبر ۱۹۳۱ء کو حسب سفارش کمیٹی اوپکارک فنڈ بہ نظر ابزادی آمدنی سود سرمایہ مستقل آئندہ ساڑھے چھ فیصدی والے سرکاری بانڈوں میں لگائے جانے کی منظوری دیدی ہے اس موقعہ کو غنیمت سمجھ کر کوشش کی گئی کہ قلیل سرمایہ زیادہ سودمند طریقہ سے کام میں لایا جائے لیکن امپریل بنک کی موجودہ قواعد وضوابط سدراہ ہوئی اور سر دست ابزادی سرمایہ کا خیال ملتوی کرنا پڑا کیونکہ بنک نے جز سودی قرضہ کے شکل میں روپیہ واپس دینے کے علاوہ ہماری استدعا کو منظور نہیں کیا اور اس شکل میں کوئی فائدہ نہ تھا۔

ترقی مستقل فنڈ کی کوشش :-

یاں لب پہ لاکھ لاکھ سخن اضطراب میں،
واں ایک خامشی رہی سب کے جواب میں

سنین زیر رپورٹ میں چند مرتبہ ڈپوٹیشن بغرض وصول زرموعودہ مختلف مقامات پر پہونچی۔ چند مرتبہ جناب پریسیڈنٹ صاحبان بھٹناگر صدر سبھا ہند نے بھی شرکت فرمائی اور مختلف مقامات پر بہ ہمراہی ڈپوٹیشن دورہ فرمایا۔ وعدہ کنندگان عطیہ اُپکارک فنڈ کی خدمت میں

بہ اوقات مختلف یاد دہانیاں ارسال کیگئیں۔ چند مرتبہ اپیلوں کی صورت میں فنڈ کی حالت زار کا اظہار کیا گیا لیکن کوئی کوشش کارگر ثابت نہوئی اسی پر اکتفا نہیں بلکہ چند بار بمقام دہلی میرٹھ۔ مراد آباد۔ خورجہ۔ لکھنؤ وغیرہ میمبران کمیٹی اُپکارک فنڈ و بعض میمبران و عہدہ داران صدر سبھا ہند اس امر پر غور کرنے کیلئے جمع ہوئے کہ کس طرح شاہد مراد کا جلوہ نظر آئے۔ لیکن اسباب مانع فراہمی زر موعودی کا کوئی موثر نسخہ تجویز نہ ہو سکا اور نہ اصحاب برادری کی فیاضی کو ہیجان میں لایا جا سکا۔

مفصل فہرست بقایا بالغرض آگاہی عام رسالہ بھٹناگر سماچار بابتہ ماہ جولائی و اگست ۱۹۳۱ء میں شائع ہو چکی ہے۔ اشاعت کے بعد کوئی حبہ وصول نہیں ہوا اس ضمن میں عالی جناب بابو برہم سروپ صاحب پرنسپل سناتن دھرم کالج علی گڑھ اور جناب بابو برج بھوشن لال صاحب ڈپٹی پوسٹماسٹر جنرل پٹنہ کے اسمائے گرامی خاص شکریہ کے مستحق ہیں آپ صاحبان نے اپنی جیب خاص سے زر کثیر صرف فرما کر ڈپوٹیشن ہائے کی سرپرستی فرمائی بابو جگت جیون لال صاحب بی اے سکریٹری بھٹناگر سبھا دہلی۔ ڈاکٹر شمبھو پرشاد صاحب و بابو للتا پرشاد صاحب پریسیڈنٹ لکھنؤ۔ بابو جے پرکاش رائے صاحب بی اے ایل ایل۔ بی وکیل و میونسپل کمشنر سنبھل و جنرل سکریٹری بھٹناگر صدر سبھا ہند و بابو موہنی سروپ صاحب رئیس سکندر آباد و بابو ملجیت سنگھ

صاحب بی اے رئیس بریلی و دیگر معزز اصحاب و میمبران کمیٹی کے نمایاں خدمات قابل شکریہ ہیں

چار آنہ فی گھر کا عطیہ بموجب قواعد نافذ الوقت یہ عطیہ ہر بھٹناگر خاندان سے بحساب چار آنہ فی سال وصول ہونا چاہئے لیکن سنہ ۱۹۲۴ء لغایتہ سنہ ۱۹۲۷ء اس مد میں صرف ۹ ؎ ۱۲ ؍ وصول ہوکر ۳۰ جون سنہ ۱۹۳۱ء تک کوئی حبہ وصول نہوا۔ سال ۳۱-۱۹۳۰ء میں ۹ ؎ ۱۲ ؍ وصول ہوئے کل آمدنی کا اوسط قریب ۶؍ سال ہونا اس امر کا ثبوت ہے کہ یہ کثیر المنفعت ذریعہ آمدنی مقامی سبھاؤں یا جابجا فنڈ کے ہمدرد موجود نہ ہونے کی وجہ سے اس قدر سود مند ثابت نہیں ہوا۔ جتنا کہ امید کیجاتی تھی۔ بحالت موجودہ اگر طلبا اس جانب توجہ کریں تو تعطیل موسم گرما میں جابجا سے کافی رقوم وصول ہونے کی امید ہو سکتی ہے۔ گزشتہ دو سال میں جو کچھ وصول ہوا وہ محض ہمارے معزز ایڈیٹر صاحب بھٹناگر سماچار کی پُر اثر تحریرات و بہ تقریب دورہ سحر بیانی کی بدولت۔

دان بموقعہ سنسکار ہائے اس مد سے سنین زیر رپورٹ میں ال ۹ ؎ ۱۲ ؍ کی آمدنی ہوئی جو قریب قریب سرمایہ مستقل کے سود کی برابر ہے اس مد میں یکم جنوری سنہ ۱۹۳۰ء لغایتہ ۳۰ جون سنہ ۱۹۳۱ء مبلغ ۹ ؎ ۴ ؍ کی آمدنی ہے۔ تاہم یہ کہنا بیجا نہ ہوگا اس وقت تک اُپکارک فنڈ اس مد سے اس قدر تحصیل وصول نہ کر سکا جو اُس کا واقعی حق تھا اگر اصحاب برادری بہ موقعہ تقاریب اس مستحق کی جانب

بھی توجہ مبذول فرمائیں تو ایک طرف قوم کی کافی امداد ہو سکے اور دوسری طرف ثواب عظیم حاصل ہو۔

لکھنؤ۔ جھانسی۔ سوائی مادھوپور سے اس قسم کی بھی اطلاع موصول ہوئی ہیں کہ بہ موقعہ تقاریب شادی اُپکارک فنڈ کو واقعی عطیات دئے گئے۔ مگر حیرت ہی نہیں بلکہ افسوس بالائے افسوس ہی۔ کہ وہ اُپکارک فنڈ کے دفتر تک نہ پہونچے؛

آمدنی چندہ سالانہ و ماہوار — اُپکارک فنڈ کی آمدنی کا سرچشمہ اور تقسیم وظائف و امداد بیوگان کا منبع یہی مد ہے لیکن سنین زیر رپورٹ میں کل صما ۵ وصول ہوئے جس کا اوسط سالانہ لعہ ۵ ہوتا ہی۔ فی الواقع اس مد کی آمدنی سب سے زیادہ مایوس کن ہے اسکی بڑی وجہ ہماری عدم فرض شناسی کہی جا سکتی ہی۔ اگر بھٹناگر ڈائرکٹری جو اگرچہ ہنوز تکمیل کو نہیں پہونچی ہی۔ صحیح مان لی جائے تو برادری کے گھروں کی تعداد زاید از ایکہزار ہوتی ہی لہذا ۲ ر ماہوار چندہ کے حساب سے الصما ر سالانہ آمدنی کا تخمینہ بیجا نہیں ہو سکتا ممکن ہی کہ اس قلیل رقم کو بھی بہت سے گھرانہ ادا نکر سکیں تاہم سرمایہ داروں اور امرا کے گراں بہا اور معقول چندہ اس کا نعم البدل ہو سکتے ہیں۔ برخلاف اس کے مندرجہ حاشیہ بقایا

بقایا چندہ سالانہ — ملاحظہ ہو تفصیل ۲ باوجود کوشش سعی بلیغ باقی چلی جا رہی ہے۔

بقایا چندہ ماہوار — مندرجہ بھٹناگر سماچار جولائی اگست ۱۹۳۶ء حاضرین و شرکا کانفرنس کی فیاضانہ توجہ اس جانب مبذول کرائی جاتی ہی اور گزارش ہی کہ اگر حاضرین کی رائے میں یہ

رقوم ناقابل وصول ہیں تو خارج از حساب کر دینا زیادہ اچھا ہے بجائے اس کے کہ اجرا یا دد ہانی کے خرچہ سے صرفہ ٹکٹ ڈاک میں اضافہ کیا جائے۔

بابو بلاقی داس صاحب پنشنر رئیس اسلام نگر ضلع بجنور اور کالیستھ بھوشن منشی بلونت سہائے صاحب پنشنر مقام بیکانیر وہ ہستیاں ہیں کہ جنھوں نے زمانۂ انعقاد کانفرنس سکندرآباد سے اس وقت تک کل زر چندہ موعودہ مرحمت فرما کر فنڈ کو زیر بار احسان کیا ہے اور آپ حضرات شکریہ کے بدرجۂ اولیٰ مستحق ہیں آمدنی گمنام برادری میں ایسی فیاض ہستیاں بہت سی ہیں کہ جن کی خیرات اور دان کے حالات زیادہ تر قلم اور قرطاس سے بے نیاز ہیں۔ اس میں شبہ نہیں کہ سچا دان اور خیرات وہ ہے کہ تشہیر کی نمائش گاہ میں نہ آئے چنانچہ ایکارک فنڈ کی تاریخ میں بھی ایک نوجوان اسی صنف میں دکھائی دیتا ہے جس کی ہمت حاتمانہ سے ہمارے حساب میں آمدنی گمنام کا گراں بہا عطیہ اس وقت وصول ہوا جبکہ ایکارک فنڈ کی ناؤ بھنور میں آچکی تھی۔ اس انفرادی امداد سے جو کچھ امداد پہونچی وہ اظہر من الشمس ہے۔ اس مد میں کل آمدنی الماعہ تک پہونچی ہی اگر میرے جانشین مستقل مزاجی سے ایسے فیاضوں کی تلاش کرتے رہے تو کیا تعجب کہ اس سے زیادہ گراں بہا عطیہ بخشنے والے اصحاب میسر آجائیں امداد بغرض تقسیم وظائف گزشتہ پانچ سال میں اس مد میں مبلغ الصما عہ للعہ وصول ہوئے جس کا اوسط سالانہ آمدنی ماعہ باکسر زائد از عسہ ماہوار

ہے اور سب سے زیادہ دل خوش کن ہے۔ تاہم یہ قوم ایسی جماعت کی تعلیم کیلئے کیا کفیل ہو سکتی ہے جس میں سے ۶۹٫۸ فیصدی تعلیم سے قطعی بے بہرہ ہوں اور جس کو تعلیمیافتہ طبقہ کہا جائے اُس میں بھی ۶٫۵ فیصدی اعلیٰ التعلیم کا فخر رکھ سکتی ہوں۔ مابقی ۲۳٫۷ کی تعلیم صرف ادنیٰ التعلیم تک محدود ہو۔

دان بہ موقعہ تیوہارات اور اُپکارک فنڈ ڈے } اُپکارک فنڈ کی روز افزوں متغیر حالت دیکھکر ہمارے موجودہ راہ بر اور صدر انجمن نے متاثر ہوکر اپنے انتخاب عہدہ پریسیڈنٹی کے عین مابعد جو ہدایت فرمائیں اُنکی تعمیل میں ۱۹۲۹ء سے یہ نیا طریقہ چندہ کی فراہمی کا اختیار کیا گیا کہ بموقعہ تیوہار یم دوتیا و ہولی برادری کی خدمت میں بغرض امداد اپکارک فنڈ اپیل مطبوعہ مرسل ہوکر کیسہ گدائی پیش کیا جائے اس طریقے کو بھٹناگر صدر سبھا ہند نے اپنے جلسہ سالانہ ۱۹۳۰ء میں مستحسن تصور فرمایا اور آئندہ بہ موقع تیوہار یم دوتیا تمام ہندوستان کی بھٹناگر برادری میں اُپکارک فنڈ ڈے منائے جانے کی تجویز منظور فرمائی چنانچہ ۱۹۲۹ء و ۱۹۳۰ء میں اس مد سے الـ ۸۹/۶ (یعنی تیوہارات ما۸ع/۹ اور اپکارک فنڈ ڈے الـ۱۸/۹) اور کچھ آمدنی بہ شکل امداد بغرض تقسیم وظائف بھی ہوئی جو اصل مد میں شامل کردی گئی ہے۔

اس تحریک میں اصحاب برادری نے جس خلوص اور ہمدردی سے حصہ لیا وہ حوصلہ افزا ہے معزز اصحاب برادری نے جزوی رقوم جس میں اب تک کا

عطیہ شامل ہے۔ اپنی اپنی مقامی برادریوں سے اکٹھا کر کے مرحمت فرمائیں لیکن اس امر کا بیحد افسوس رہا کہ گدایان برادری کی آواز بصورت مضامین نہ گونج سکی اور چند مقامات سے باہر نہ نکلی جس کی وجہ سے آمدنی تخمینہ سے بہت کم ہوئی۔ لیکن سال حال میں بوجہ انعقاد اجلاس ہذا کوئی اپیل شائع نہیں کیا گیا جس کی وجہ سے اکثر مقامات سے اس اپیل کی اشاعت نہ ہونے کی شکایت موصول ہوئیں اور سمانہ۔ بیکانیر۔ کوٹہ وغیرہ مقامات سے بہ تقریب تیوہار یم دُتیا خردی رقوم عطیہ وصول ہوئیں اس سلسلہ میں معزز اصحاب برادری شملہ کی قابل ستائیش امداد کا شکریہ ادا کیا جاتا ہے کہ اس مقام پر اکثر اصحاب نے اپنی نصف یوم کی تنخواہ اس فنڈ میں ادا کرنے کا وعدہ فرمایا۔ امید ہے کہ ہماری اس فروگزاشت کا نعم البدل اجلاس ہذا میں مل جائیگا۔

فراہمی چندہ میں اصحاب ذیل خصوصیت سے شکریہ کے مستحق ہیں۔

(۱) بابو جگ جیون لال صاحب بی اے سکریٹری بھٹناگر سبھا شہر دہلی

آپ نے شہر دہلی میں اپنے دوستوں کو ساتھ لیکر الکارک فنڈ کے لئے برادری میں جھولی ڈالکر بھیک مانگی۔ اور خاصی رقم فراہم کر کے تعداد زر وصول شدہ سے ہر روزہ اطلاع بخشی۔ اس ایثار کی دوسری مثال کا لیستھ برادری میں دیکھنے میں نہیں آئی۔

(۲) بابو لال جی پرشاد صاحب بھٹناگر راج کشمیری دروازہ دہلی

(۳) بابو جگدمبا پرشاد کاشو صاحب دہلی۔

(۴) بابو برج بہاری لال صاحب الہ آباد۔

(۵) بابو لچھمن سروپ صاحب رئیس بجنور۔

(۶) بابو بھگوتی سرن صاحب سکریٹری بھٹناگر سبھا بریلی۔

(۷) بابو لکشمی نراین صاحب سینٹری انسپکٹر بھرت پور۔

(۸) کالیستھ بھوشن منشی بلونت سہائے صاحب بریکانیر

(۹) بابو رگھنندن سہائے صاحب رہتکی مقیم پٹیالہ بہر سنہدی دروازہ

(۱۰) ڈاکٹر بال مکند صاحب میڈیکل آفیسر سمانہ پٹیالہ

(۱۱) بابو رام چندر سہائے صاحب اکاونٹینٹ انہار جھانسی۔

(۱۲) بابو کرنا کشن صاحب پنشنر انجنیر حصار۔

(۱۳) بابو موہنی سروپ صاحب رئیس سکندر آباد } ہر دو اصحاب کی وصول کردہ رقوم
(۱۴) بابو جے پرکاش رائے صاحب میونسپل کمشنر ووکیل سنبھل } کی تعداد کثیر ہے۔

(۱۵) بابو برج بہاری لال صاحب سکریٹری بھٹناگر سبھا شملہ۔

(۱۶) بابو سری کشن صاحب سکریٹری بھٹناگر سبھا فیروز پور۔

(۱۷) بابو رام گوپال صاحب آفس سپرنٹنڈنٹ میونسپل بورڈ کانپور۔

(۱۸) بابو کیشو داس صاحب پنشنر صدر بازار کرنال۔

(۱۹) بابو متھرا پرشاد صاحب سکریٹری بھٹناگر سبھا کوٹہ۔

(۲۰) بابو گوبند پرشاد صاحب سکریٹری بھٹناگر سبھا مراد آباد۔

(۲۱) بابو کرشن گوپال سنہا صاحب جوائنٹ سکٹیری کمیٹی استقبالیہ کانفرنس ہذا

اکثر اصحاب مندرجہ صدر نے اپنی مقامی برادری کے عطیہ۔ فیس منی آرڈر جیب خاص سے لگا کر ادسال فرمایا ہے۔

اس موقعہ پر میں حاضرین کی توجہ قابل قدر امداد ممبران اُپکارک کلب دہلی وشملہ پر دلانے کی ضرور جرأت کروں گا۔ اس معزز کلب نے جس اولالعزمی سے امداد فرمائی اور آئندہ ہمیشہ زیر بار احساں بنانیکا تہیہ کیا ہے اُس کا مفصل حال میرے دوست جناب جنرل سکریٹری صاحب گوش گزار فرمائیں گے، تاہم میں منجانب اُپکارک فنڈ سب کمیٹی یہ تجویز پیش کروں گا کہ منجانب بھٹناگر کانفرنس لکھنؤ اُپکارک فنڈ کے سرمایہ سے کم از کم پانچ تمغہ طلائی اُن بھٹناگر نوجوانوں کو عطا فرمائے جن کی سعی اور جانفشانی سے یہ تحریک کامیاب ہوئی اور جن کے ایثار و اعانت کی زندہ مثال آج بھی موجود ہے۔

اس ضمن میں میں اپنے واجب التعظیم اوستاد مولانا گرامی صاحب پروفیسر میرٹھ کالج۔ مولوی برکت شیر خاں صاحب ادیب میرٹھی اور منشی سلطان احمد صاحب سلطان کاٹھوی کا تہِ دل سے شکریہ ادا کروں گا۔ آپ صاحبان کی امداد اور توجہ فرمائی سے میں حسب ضرورت پُردرد اور دل ہلا دینے والی منظوم اپیل بغرض فراہمی چندہ اُپکارک فنڈ شائع کر سکا۔

------------ جناب خان بہادر مولنا مولوی محمد حسین صاحب

شوق زیدی پنشنر ڈپٹی مجسٹریٹ نہر گنگ کا خصوصیت سے رہین احساں ہوں کہ آپ کی امداد سے رپورٹ ہذا اس شکل میں ہدیہ ناظرین کیجارہی ہے۔

بابو نراین سروپ صاحب گمنام بی اے رئیس سکندر آباد۔ منشی گھبیر سہائے صاحب رامپوری المتخلص بہ قلم۔ ڈاکٹر نانک چند صاحب پٹیالہ کا بہ صدق دل شاکر ہوں کہ آپ صاحبان نے وقتاً فوقتاً ایکارک فنڈ کی ترقی کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے رسالہ بھٹناگر سماچار میں اپنی موثر نظمیں شائع کراکر میری غائبانہ امداد فرمائی

واپسی زر وظیفہ بعد تکمیل تعلیم اس مد میں گزشتہ دو سال میں ماللعہ روپیہ وصول ہوا ہے۔ اس میں شبہ نہیں کہ ابھی تحریک تقسیم وظائف ابتدائی حالت میں ہے۔ کچھ طلبہ ناقابل کاروبار اور زیر تعلیم ہیں لیکن ایسی تعداد بھی موجود ہے جو بفضلہ بعد کامیابی فارغ التحصیل ہوکر چین سے بسر کررہی ہے لیکن بدقسمتی سے باوجود یاد دہانی واپسی زر امداد کیلئے اپنی ذمہ داری محسوس نہیں کرتی ہے۔ اپنے ان عزیز نونہالان قوم سے حسب سال گزشتہ امسال بھی مکرر استدعا کرونگا کہ اگر وہ کچھ مزید امداد فنڈ کو نہ دے سکیں تو کم از کم اپنے اس قرض حسنہ سے نو سبکدوشی کی کوشش کریں۔

اس ضمن میں احقر کے نزدیک وہ دستور العمل جس پر اس وقت سیاوات فنڈ چلایا جارہا ہے اور جو بعینہٖ اسی فنڈ کی ہمشکل ہے۔ بہت مناسب ہے۔

اگرچہ جناب شوق صاحب مدظلہ العالی جن کے قومی درد سے کون ہی جو واقف نہیں ہے ارشاد فرماتے ہیں کہ انجمن وظیفہ سادات اور انجمن الفرض علی گڑھ کو بھی یہی شکایت ہے کہ فارغ التحصیل طلباء اپنی ذمگی رقم ادا کرنے میں الیسی ہی کوتاہی کرتے ہیں جیسا کہ مجھے شکایت ہی۔ غرضکہ ؎

خدا کے واسطے پردہ نہ کعبہ سے اُٹھا ظالم
کہیں الیسا نہ ہو یاں بھی وہی کافر صنم نکلے

اس لئے سوا اس کے اور کیا عرض کروں کہ وصول زر کیلئے مناسب تدابیر سوچنا اُتنا ہی اہم ہے جتنا فراہی چندہ۔

(اخراجات)

تقسیم زر امداد دفتر اکاکارک فنڈ سے جو روپیہ امداد بیوگان یا وظائف طلباء میں صرف ہوا اُسکا کچھ حصہ بالواسطہ تقسیم ہوا اور کچھ بلاواسطہ۔ رسیدات پابندگان ہر ایک رقم کیلئے باقاعدہ حاصل کی گئیں ہیں اور بغرض معائنہ اڈیٹر صاحبان۔ پیش کی جاتی رہی ہیں کسی قدر یہ شکایت ضرور ہے کہ بعض ہیڈ ماسٹر یا پرنسپل صاحبان نے پابندگان زر کی رسیدات بغرض شمول مثل مرحمت نہیں فرمائی جس کی نسبت طلباء سے براہ راست حصول زر کی تصدیق مجبوراً کافی متصور کیگئی۔

امداد بیوگان اُپکارک فنڈ کی تمام تحریک میں سب سے زیادہ اہمیت بیوگان کی درخواست کو دی جاتی ہے۔ اگرچہ اس کام کیلئے کوئی خاص حصہ آمدنی مخصوص نہیں ہے تاہم وقت تقسیم امداد سب سے پہلے اُپکارک فنڈ سب کمیٹی ایسی درخواستوں پر غور کرتی رہی ہے۔ کیونکہ ابتدائے فنڈ اس ہی یا ایسے ہی جیسے دوسری ضرورتوں کو محسوس کرکے ڈالی گئی ہے۔ مندرجہ ذیل اعداد و شمار قابل ملاحظہ ہیں۔

سال	درخواست موصولہ	منظور شدہ	زر امداد مجوزہ	
(۱) سنہ ۱۹۲۶ء	۱	۱	سے	
(۲) سنہ ۱۹۲۷ء	۲	۲	ماعہ	
(۳) سنہ ۱۹۲۸ء	*	۳	مااللعہ	* صحیح تعداد معلوم نہ ہو سکی۔
(۴) سنہ ۱۹۲۹ء	۲	۲	ماعہ	اماعہ
دوران اسی سال		۱	ہے	
(۵) سنہ ۱۹۳۰ء	۶	۶	سماہوسے	
(۶) سنہ ۱۹۳۱ء	۷	۶	اماعے	
میزان	۱۹	۲۱	الساعے	

سنین زیر رپورٹ میں کل آمدنی کا قریب دس فیصدی اس مد میں صرف ہوا منجملہ ۲۱ بیوگان کے ایک بیوہ مقیم اندور کی امانت محتاج تصدیق

مزید تھی جو آئندہ تصدیق نہ ہونے پر زر امداد کی تقسیم کی نوبت نہ پہونچی
اور ایک بیوہ کو قدرت نے امداد کا محتاج نہ رکھا اور اس کی وفات پر
رقم مجوزہ بچت میں رہ گئی۔

تقسیم وظائف اس مد کے اخراجات کیلئے آمدنی کسی صورت میں کفایت نہیں کرتی۔ قایمی فنڈ سے ۳۰ جون سنہ ۱۹۲۹ء تک مبلغ ال ۹ صرف ہوا آئندہ سال مختتمہ ۳۰ جون سنہ ۱۹۳۰ء میں اسی رقم کی برابر صرف ہوا۔ گزشتہ سال مختتمہ ۳۰ جون سنہ ۱۹۳۱ء تقسیم زر میں سب سے زیادہ رہا۔

اگرچہ اس مد کے اخراجات کیلئے بھی مثل امداد بیوگان کوئی مخصوص حصہ آمدنی صرف نہیں ہوتا ہے تاہم سنہ ۱۹۲۶-۲۹ و ۳۰ و ۱۹۳۱ء میں علی التواتر ۳۳ و ۱ر۶۰ و ۵ر۷۰ فیصدی آمدنی کا اس مد میں صرف ہوا اور سال رواں میں بعد محفوظی سرمایہ مستقل باوجود کل زر تحویل طلبا اور بیواؤں کی امداد میں تجویز کئے جانے کے بھی چند درخواستیں نظر انداز کرنی پڑیں۔

اعداد و شمار حسب ذیل ہیں

سال عیسوی	درخواست موصولہ	درخواست منظور شدہ لڑکے	درخواست منظور شدہ لڑکی	رقم منظور شدہ برائے تقسیم لڑکے	رقم منظور شدہ برائے تقسیم لڑکی	میزان روپیہ
سنہ ۱۹۲۶ء	۷۰	۴	۰	مار	۰	مار
سنہ ۲۷ و ۲۸ء	۷	۵	۰	سا۹	۰	سا۹

سال	درخواست موصولہ	درخواست منظور شدہ لڑکے	درخواست منظور شدہ لڑکی	رقم منظور شدہ برائے تقسیم لڑکے	رقم منظور شدہ برائے تقسیم لڑکی	میزان
سنہ ۲۸و۲۹ء	۰	۱۰	۰	صمالعہ	۰	صمالعہ
سنہ ۲۹و۳۰ء	۲۵	۱۴	۱	العہ ۔/	ماہر	الماعہ ۔/
سنہ ۳۰و۳۱ء	۲۷	۱۴	۳	العہ ۔/	ماہہ	السالعہ ۔/
سنہ ۳۱و۳۲ء	۴۱ سابقہ ۲ سال	۱۷	۲	الماللعہ ۔/	ماعہ	السالعہ ۔/
میزان کل	۱۷۲	۶۴	۶	للعہ اماصہ ۔/	صماعہ	صمساعہ ۔/

مفصل نقشہ پانیدگان وظائف رپورٹ ہذا میں بطور ضمیمہ شامل ہے۔

تعداد مندرجہ صدر میں ہر قسم کے طلبار پائے جاتے ہیں۔

صنعت وحرفت ۔ اورنٹیل تعلیم سنسکرت ۔ انجنیری تعلیم نسواں ٹیکنیکل انجنیری ۔ اعلی تعلیم داخلۂ ڈپارٹمنٹیل کلاس ہائے کے طلبار کی درخواستوں پر خاص طور سے غور کیا گیا ہے گزشتہ دو سال میں کسی طالب علم میڈیکل اسکول کی کوئی درخواست باوجود اعلان خصوصی کے فنڈ کے دفتر میں نہیں پہونچی ۔ مندرجہ صدر صنف میں بہت کم طلبہ نے دلچسپی ظاہر کی اس وجہ سے زیادہ تر وظائف کالج اور ہائی اسکول اور اپر پرائمری جماعتوں کے حصہ میں آئے ۔ بموجب ریزولیوشن پاس کردہ اگرہ کانفرنس تعلیم نسواں کا خصوصیت سے لحاظ رکھا جاتا ہے۔

برادری کے نوجوانوں میں تاریخی تحققات کا شوق پیدا کرنے کیلئے منجانب صدر سبھا ہند طلائی اور نقرئی تمغوں کے دئے جانے کے اعلان کئے گئے لیکن

اس طرف بھی رجحان نہیں پایا گیا۔ صرف میرٹھ کالج کے ایک نوجوان نے فنافی القوم محسن برادری حاتم دوراں جناب راجہ ٹکیٹ رائے صاحب نائب نواب صوبہ اودھ کی سوانحمری لکھکر ایک نقرئی تمغہ حاصل کیا۔

تقسیم وظائف کے اعداد و شمار ظاہر کر رہے ہیں کہ اُپکارک فنڈ اپنے اغراض و مقاصد کی تکمیل میں ہنوز قطعی ناکامیاب رہا ہے جس کی ذمہ داری کے بارگراں سے کارکنان بری نہیں ہو سکتے۔

پابندگان وظائف کی نگرانی دو سال سے اس امر کی خاص طور سے نگرانی کی جاتی ہے کہ جن طلبار کو فنڈ سے وظیفہ دیا جائے ان کی ترقی کے حالات معلوم رہیں۔ اس امر کو مدنظر رکھکر کالج اور اسکولوں کے پرنسپل اور ہیڈ ماسٹر صاحبان سے نتائج امتحان منگا کر ممبران کمیٹی کے ملاحظہ کو پیش کئے جاتے ہیں

سنہ ۳۰-۱۹۲۹ء میں صرف ایک طالب علم Re-Examination میں رہا ایک کا نتیجہ معلوم نہوا۔ بقیہ جملہ طالب علم پاس ہوئے اور سال گزشتہ مختتمہ ۳۰ رجون سنہ ۱۹۳۱ء میں۔

ایک لڑکا فیل ہوا۔

ایک طالب علم نے دوران سال میں تعلیم بند کردی۔

ایک طالب علم Compartment میں آیا۔

دو طلبار کے وظائف دوران سال میں بند کئے گئے۔

ایک طالب علم پراونشل امتحان (ڈپٹی کلکٹری میں شامل نہ ہو سکا۔
باقی گیارہ طلبار کامیاب ہوئے۔

طریقہ تقسیم وظائف وامداد بیوگان قبل از انعقاد جلسہ اُلکپارک فنڈ
سب کمیٹی جو بالعموم ماہ جولائی واگست میں منعقد ہوتی رہی ہے بغرض
آگاہی عوام لیڈر جیسے مشہور اخبار میں نوٹس طلبی درخواست ہائے شائع
ہونے کے علاوہ اصحاب برادری سے بھی طلبی درخواست ہائے کی گزارش
کی جاتی رہی ہے۔ طلبار کی درخواست مجوزہ فارم پر جو دفتر فنڈ سے مفت
ملتا ہی وصول ہو کر اصحاب برادری کی تصدیق اور کالج اور اسکول کے
ہیڈ ماسٹر صاحبان کی سفارش پر غور فرما کر تقسیم وظائف وامداد کا فیصلہ
ہوتا رہا ہی سنین زیر رپورٹ میں مستحق حاجتمندوں کو فوری امداد بغرض
خرید کتب وغیرہ بشرط گنجائش فنڈ ملتی رہی ہے۔

مندرجہ صدر طریقہ مشتہری نوٹس تقسیم وظائف زیادہ مستحسن نہ ہونے
کی وجہ سے گزشتہ دو سال سے یہ طریقہ مسدود کر کے مطبوعہ سرکلر لیٹر ممالک متحدہ
آگرہ واودھ۔ پنجاب۔ دہلی۔ ریاست ہائے راجپوتانہ ودکن کے اسکول اور
کالجوں کے علاوہ ہندوستان کے مشہور کالج صنعت وحرفت میڈیکل۔
وغیرہ وغیرہ میں بھیجے جانے کے علاوہ اکثر اصحاب برادری کی خدمت میں بھی
روانہ کئے جاتے ہیں۔ ایڈیٹر صاحبان کثیر الاشاعت رسالہ واخبارات اُوشا

دہلی۔ کالیستھ کانفرنیس گزٹ گوالیار۔ بھٹناگر سماچار سنبھل۔ آفتاب فیض آباد بھارت دہلی۔ چھتری میرٹھ۔ رفیق پٹواریان میرٹھ۔ کالیستھ ہتکاری گوالیار ماتھر پترکا آگرہ سے بلا اُجرت اشاعت کی استدعا کی گئی۔

مندرجہ بالا اخبارات کے اڈیٹران کا تہ دل سے شاکر ہوں کہ آپ صاحبان نے اپنے اپنے قیمتی کالموں میں سرکلر شائع فرما کر رہین احسان بنایا۔ اور جس کی وجہ سے برادری کے مستحق اور احتیاج مند طلبا کی درخواستیں ہر جگہ سے موصول ہوئیں۔ لیکن بہ استثنا اخبارات بھارت دہلی و رفیق پٹواریان میرٹھ و کالیستھ ہتکاری گوالیار

اس موقع پر مشتہری نوٹس وظائف میں جس خلوص اور ہمدردی سے جناب مسٹر سری واستو صاحب سپرنٹنڈنٹ گورنمنٹ لیدر اسکول میرٹھ اور جناب اڈیٹر صاحب چھتری میرٹھ نے غائبانہ امداد کی اس کیلئے میں آپ صاحبان کا بالخصوص زیر بار احسان ہوں۔ مسٹر سری واستو صاحب نے اپنے اسکول کے نوٹس داخلۂ طلبا میں اُپکارک فنڈ کا خصوصیت سے تذکرہ فرمایا اور یہ نوٹس بہ تعداد کثیر جگہ بجگہ مشتہر ہوا ہے۔

بعض اوقات مستحق غیر بھٹناگر طلبا کی درخواستیں بھی موصول ہو جاتی ہیں۔ اُنکو بدرجہ مجبوری اطلاع دینی پڑتی ہے کہ یہ فنڈ بھٹناگر طلبا کے لئے مخصوص ہے۔

انتظام وظائف حسب ہدایات وصی اُپکارک فنڈ سب کمیٹی اُن تمام خدمات

کی انجام دہی کیلئے جو بموجب قاعدہ ۱۲ ضمن ۱۲ قواعد اولکپارک فنڈ اُس کو تفویض کئے گئے ہیں بخوشی تیار رہتی ہے۔ چنانچہ مبلغ ایک ہزار روپیہ بغرض تقسیم وظائف چند شرائط پر اُلکپارک فنڈ کی تحویل میں آیا ہے یہ روپیہ بموجب ریزولیوشن نمبر ۱ پاس کردہ کمیٹی فنڈ منعقدہ ۱۸ اگست ۱۹۲۹ء بدیں تفصیل کہ پانچصد روپیہ ایک طالب علم اور سیر کلاس روڑکی کالج اور پانچصد روپیہ ایک دوسرے طالب علم ٹیکنیکل انجنیرنگ کلاس دیال باغ آگرہ کو بہ تحریر اقرار نامہ وضمانت نامہ رجسٹری شدہ دیا گیا ہے۔ اول الذکر وہ ممتاز طالب علم ہے جس نے گزشتہ امتحان اورسیری میں برادری کا نام روشن کیا اور زیادہ سے زیادہ جو اعزاز مل سکتا تھا وہ حاصل کیا۔ اس سے زیادہ شاندار کامیابی تاریخ قائمی انجنیرنگ کالج روڑکی سے اس وقت تک کسی دوسرے طالب علم کو میسر نہ آئی اس مایۂ ناز فرزند قوم کی عکسی تصویر کا بلاک چند ماہ ہوئے دفتر الکپارک فنڈ میں آچکا ہے۔ لیکن مجھکو اس امر کی بیحد مسرت ہے۔ کہ میں اپنی اس رپورٹ کے ساتھ اُس کی اشاعت بھی کر رہا ہوں۔

دوسرا ہونہار لڑکا اپنی کلاس کے تیسرے سال میں تعلیم پا رہا ہے۔ اس وقت تک اُس کی کامیابی میں کوئی شبہ نہیں ہے۔ میں پرماتما سے دست بدعا ہوں کہ جس خوشی سے عطیہ دہندہ نے بلا کسی شہرت نام آوری مجھکو ایکہزار روپیہ نقد دیا اُسکو بلا میری اطلاع دئے ہوئے یہ معلوم ہو جائے کہ اُسکا عطیہ ایسے

B. ROOP KISHORE BHATNAGER,

AMROHA (MORADABAD)

APPRENTICE OVERSEER.

GANGES CANAL, NORTHERN DIVISION,

ROORKEE.



حاجتمندوں کو دیا گیا جنھوں نے اُسکا استعمال بطرز احسن کیا۔

اسی طرح کا ایک دوسرا فنڈ جناب بابو رام رائے صاحب ڈپٹی کلکٹر میرٹھ نے قایم فرمایا ہے۔ آپ کی چھ روپیہ ماہوار کی امداد بھٹناگر سبھا میرٹھ کی سفارش پر امداد بیوگان برادری کے مساکین کو دی جاتی ہے اس مد کے اعداد و شمار تفصیل امداد بیوگان و وظائف طلبا میں شامل نہیں ہیں۔

منسوخی رسیدات زر سنین زیر رپورٹ میں منجملہ ۹۱۱ رسیدات اجرا شدہ کے صرف دو رسیدات مندرجہ ذیل جن کا مطالبہ درج آمدنی ہو چکا تھا بعدم وصول مطالبہ منسوخ ہو کر آمدنی خارج از حساب کی گئی۔

(۱) رسید ۹۸/۱ مجریہ ۵ مئی سنہ ۱۹۲۷ء موسومہ بابو بھگوت پرشاد صاحب بذریعہ ریزولیوشن ع۶ پاس شدہ ۲۰ اگست سنہ ۱۹۲۷ء ۔۔۔ ۵

(۲) رسید ع۶۱/۳ مجریہ ۲۲ ستمبر سنہ ۱۹۲۹ء موسومہ بابو جے بہاری لال صاحب بذریعہ ریزولیوشن ع۹ پاس شدہ ۱۹ جولائی سنہ ۱۹۳۱ء ۔۔۔ ۵

میزان کل ۔۔۔ ۱۰

دفتر الکا پترکا فنڈ ۔۔۔ **ترسیل رسائل**۔ تاریخ قائمی فنڈ سے ۳۰ نومبر ۱۹۳۱ء تک ۲۵۴۴ چٹھی کارڈ۔ یاد دہانی پیکٹ وغیرہ بہ تفصیل ذیل جاری ہوئے

۱۹۲۴ء ۷۶۳	جنوری ۲۵ء لغایتہ مارچ ۲۵ء ۵۶۸
اپریل ۲۵ء لغایتہ ۸ دسمبر ۱۹۲۶ء ۷۷	۲۲ فروری ۲۷ء لغایتہ ۳۰ جون ۲۷ء ۹۱

یکم جولائی سنہ ۲۷ء لغایتہ ۳۰ جون سنہ ۱۹۲۸ء ۳۳۳

یکم جولائی سنہ ۲۸ء لغایتہ ۳۰ جون سنہ ۲۹ء ۲۳۷

یکم جولائی سنہ ۲۹ء لغایتہ ۳۰ جون سنہ ۳۰ء ۸۵۳

یکم جولائی سنہ ۳۰ء لغایتہ ۳۰ جون سنہ ۳۱ء ۱۱۸۷

یکم جولائی سنہ ۳۱ء لغایتہ ۳۰ نومبر سنہ ۳۱ء ۳۱۶

میزان کل ۴۴۲۵

نوٹ۔ سال گزشتہ کی رپورٹ میں ۶۶۱ چٹھیونکی تعداد کم درج ہوئی جس کا تاسف ہے۔

باوجود انتہائی کفایت کے اس جملہ رسل رسائل میں مبلغ [illegible] کے ٹکٹ ڈاک صرف ہوئے اور منجملہ [illegible] خرچہ ٹکٹ ڈاک کے مبلغ [illegible] کے ٹکٹ ڈاک کارڈ ۳۰ نومبر ۱۹۳۱ء کو تحویل میں باقی رہے۔ سب سے زیادہ خرچہ تعدادی مبلغ [illegible] سنہ ۱۹۲۴ء میں صرف ہوا جس کی بڑی وجہ اجرائے دفتر جدید و یاددہانی ہائے عطیہ موعودہ ہی۔ دوسرے درجہ پر گزشتہ سال ۱۱۸۷ چٹھیوں وغیرہ کے اجرا میں [illegible] صرف ہوا۔ بقیہ چھ سال کا مجموعی صرفہ [illegible] ہوتا ہی جس کا اوسط سالانہ قریب [illegible] روپیہ سال ہوتا ہی۔ اسی خرچہ ڈاک سے ٹکٹ رسیدی بھی صرف ہوتا ہی جس کی تعداد کچھ زیادہ نہیں ہے۔

گزشتہ سالانہ رپورٹ کی تحریر کے وقت مجھ کو شبہ تھا کہ دفتر سے تین چٹھیاں

بیرنگ جاری ہوئیں۔ لیکن گزشتہ جلسہ سالانہ میں بابو بلجیت سنگھ صاحب بی۔اے۔ رئیس بریلی نے ایک چٹھی کے بیرنگ نہ پہونچنے کی تصدیق فرما کر ممنون فرمایا۔ بقیہ ۲ دو چٹھیوں کی نسبت ہنوز بیرنگ جاری ہونے کی ندامت ہے
چٹھی نمبر ۲۰۸۳ مرسلہ ۱۷ اکتوبر ۱۹۲۹ء موسومہ بابو الیشور پرشاد صاحب لکھنؤ
چٹھی نمبر ۳۳۷۱ مرسلہ ۲۲ جولائی ۱۹۳۰ء موسومہ بابو جے پرکاش رائے صاحب سنبھل
اس کے علاوہ گزشتہ دو سال میں جز تین کارڈ یاددہانی عطیہ موعودہ کے نہ کوئی لفافہ یا پیکٹ واپس آیا اور نہ کسی خط کے بیرنگ پہونچنے کی اطلاع موصول ہوئی۔ اگر آئندہ اس دفتر سے کسی صاحب کے خط میں بیرنگ خط پہونچے۔ یا جواب نہ پہونچے تو از راہ کرم اس کی اطلاع بخش کر ممنون فرمائیں تاکہ مزید احتیاط رہے۔

اگرچہ میں حاضرین کا کافی قیمتی وقت بیجا صرف کر چکا ہوں تاہم مثل سال گزشتہ ایک مرتبہ اور اس امر کے اظہار کی جرأت کروں گا کہ اپکار ک فنڈ کے دفتر کا نظام قطعی ناقابل اطمینان ہے۔

سنین گزشتہ میں اس دفتر سے جس قدر خطوط روانہ ہوئے۔ بالعموم اُن کی نہ آفس کاپی رکھی گئی نہ کسی رجسٹر چٹھیات میں درج ہوئے۔ صرف رجسٹر ٹکٹ ڈاک یا ڈاک بہی میں اندراج ہوا۔ اسی طرح جو چٹھیاں وصول ہوئیں اُن کا بھی کسی رجسٹر چٹھیات میں اندراج نہیں ہوا۔ نہ کوئی رجسٹر امثلہ ہے اور

نہ سل بنائی جاتی ہیں۔ بہ الفاظ دیگر کل ریکرڈ بے ترتیب غیر محفوظ ہے۔ ابھی چند ماہ ہوئے ایک صاحب نے بحوالہ چٹھی ہائے دفتر ہذا بابتہ سال سنہ ۱۹۲۴ء و سنہ ۱۹۲۵ء دفتر فنڈ سے کچھ امور دریافت کئے لیکن آفس کاپی موجود نہ ہونے کی وجہ سے مستفسر سے چٹھی منگا کر امور مستفسرہ کا جواب دیا گیا۔

ایسی پریشانیاں موجودہ طریقہ سے کام کرنے میں ہمیشہ پیدا ہوتی رہیں گی۔

